19/01/2026
07.40 PM

آداب

شبیرُالزماں۔ یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر میں
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*.... وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا پولینڈ پر دہشت پسندی کے تئیں زیرو ٹالرنس کی پالیسی اختیار کرنے پر زور ۔

ہیلتھ کیئر اسپتال کا رکھا سنگ بنیاد۔ Meerz*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگرمیں

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نئی دلی میں وزیر داخلہ امت شاہ سے ملاقی // جموں کشمیر سے جڑے معاملات پر تبادلہ خیال ۔

اور

*.... نیشنل ڈیزاسٹرریسپانس فورس کا یوم تاسیس آج // وزیر اعظم سمیت کئی دیگر لیڈروں کی کو مبارکباد۔NDRF

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ پولینڈ کو دہشت پسندی کے تئیں زیرو ٹالرنس کی پالیسی اختیار کرنی چاہئے اور اُسے بھارت کی ہمسائیگی میں دہشت پسندی کے بنیادی ڈھانچے کو شہ دینے کی مدد نہیں کرنی چاہئے۔
کے ساتھ نئی دلی میں میٹنگ Radoslaw Sikorski پولینڈ کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ کے دوران ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ پولینڈاس خطے کیلئے اجنبی نہیں ہے اور یہ سرحد پار کی دہشت پسندی کے چلینج سے واقف ہے ۔ اس دوران انہوں نے دو طرفہ اہمیت کے متعدد امور پرتبادلہ خیال کیا۔

ایل جی اسپتال

ہیلتھ کیئر اسپتال کا سنگ بنیاد Meerz لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج سرینگرمینقائم کئے جا رہے رکھا۔ یہ 180بستروں والا سپر سپشلیٹی اسپتال ہوگا جس کی بدولت شہر سرینگر اور آس پاس کے اضلاع کیلئے طبی نگہداشت کی سہولیات میں مزید اضافہ ہوگا۔
اس موقعے پر جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی ، صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ، میرز گروپ کے منیجنگ ڈائریکٹر فاروق احمد میر ،ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو ، ایس ایس پی سرینگر ڈاکٹر جی وی سندیپ چکرورتھی اور انتظامیہ کے دیگر عہدیداربھی موجود تھے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنے نیز بڑ ے بڑے اہداف حاصل کرنے کیلئے ہمت اور عزم کا مظاہر ہ کریں ۔
سانبہ ضلع کے گُرہاسلاتھیہ میں گائیڈنس اینڈ کیریئر کونسلنگ سیل فار یوتھ ڈیولپمنٹ کے ساتویں سالانہ دن تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو سماجی تبدیلی کے معمار کی حیثیت حاصل ہے اور وہ وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں نمایاں رول ادا کر سکتے ہیں۔

عمر ملاقات

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج نئی دلی میں وزیر داخلہ امت شاہ کے ساتھ ملاقات کی ۔
اس دوران انہوں نے جموں کشمیر سے جڑے متعدد معاملات پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا۔

چوہان

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کانگریس پر الزام لگایا ہے کہ وہ ملک کے عوام کو وکست بھارت جی رام جی ایکٹ کے بارے میں گمراہ کر رہی ہے ۔ نئی دلی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ منریگا کے تحت کانگریس نے جو قانون وجود میں لائے تھے، وہ صرف کاغذات پر ہی موجود تھے۔انہوننے کہا کہ ایکٹ کی رو سے اب ہر ایک دیہی کنبے کو 125دن کے روز گار کی گارنٹی حاصل ہو رہی ہے، جو پہلے صرف ایک سو دن تک محدود تھی۔

صوبائی کمشنر

جموں کشمیر میں آنے والی یوم جمہوریہ تقریبات احسن طریقے پر منانے کیلئے تمام انتظامات مکمل کئے جا رہے ہیں۔ یو ٹی سطح کی سب سے بڑی تقریب جمونمیںمنعقد ہوگی جبکہ وادی میں یوم جمہوریہ کی سب سے بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگر میں منعقد ہوگی جہاں نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری قومی جھنڈا پھرائیں گے اور مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے۔
اس سلسلے میں تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے ۔ صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے اس بارے میں ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

............Div. Com............

NDRF

کو NDRF کا یوم تاسیس ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نےNDRF آج نیشنل ڈیزاسٹرریسپانس فورس مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فورس آفات کے دوران لوگوں کی جانوں کو تحفظ دینے، رلیف اور باز آبادکاری کے کاموں میں کلیدی رول ادا کرتا ہے ۔
کو اس کے یوم تاسیس پر مبارکبا د دی ہے -NDRF دریں اثنا وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی
کے یوم تاسیس پراس فورس کے اہلکاروں کو مبارکباد دی NDRF لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ یہ فورس ناگہانی آفات اور مشکلات کے دوران لوگوں کی راحت رسانی کرنے میں پیش پیش رہتا ہے۔

کرائم برانچ

وِنگ کرائم برانچ کشمیر نے غیر قانونی طریقے سے مائیگرنٹ ریلیف فنڈ Offences اکنامک
ملازم کے خلاف چارج شیٹ دائر کیا ہے۔ PHE حاصل کرنے کی پاداش میں ایک سابق
ملازم محمد حسین شاہ ساکنہ سید پورہ شوپیان پر الزام ہے کہ اس نے سرکاری ملازمت میں ہونے کے باوجود خود کو مائگرنٹ ظاہر کر کے اہل خانہ سمیت غیر قانونی طور پر 18 لاکھ 30 ہزار روپے سے زائد کی مائیگرنٹ امداد حاصل کی۔
تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے کہ ملزم نے اپنے روزگار سے متعلق حقائق چھپانے اور غلط بیانی سے سرکاری خزانے کو نقصان پہنچایا ہے۔

حج تربیت

جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی نے اس سال حج بیت اللہ پر روانہ ہونے والے عازمین حج کیلئے آج سے مناسک حج سے متعلق تربیت کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

اس حوالے سے حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسرڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

...........Byte........

سکمز

سمٹ AI Impact 2026 شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ22 جنوری کو انڈیا سے پہلے طبی نگہداشت کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کا رول کے موضوع پر ایک پری سمٹ پروگرام کا انعقاد کر رہا ہے۔

اس پروگرام کے تعلق سے سکمز کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے کہاکہ پری سمٹ کے دوران مصنوعی ذہانت کو طبی نگہداشت کے مختلف شعبوں کے ساتھ مربوط کرنے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا جائے گا ۔

سریکلچر

محکمہ زراعت کے ایڈیشنل چیف سیکریٹری شلیندر کمار نے آج سرینگر میں سریکلچر محکمے کے ڈائریکٹر جنرل اعجاز احمد بٹ اور دیگر افسروں کی موجودگی میں محکمے کا نیا کلینڈر جاری کیا۔

اس کلینڈر میں غنچہ ابریشم کی صنعت کے مختلف پہلوؤں اور سرگرمیونکو موثر طریقے پر اجا گر کیا گیا ہے۔

لواسہ

لواسہ نے آج کوٹ بلوال جموں میں انسٹی چیوٹ آف Avnyٹرانسپورٹ محکمے کی سیکریٹری ڈرائیونگ ٹریننگ اینڈ ریسرچ کا دورہ کرکے وہاں جاری کاموں کا جائزہ لیا۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی نے ابتداءسے ہی لوگوں کے حقوق کی پاسداری کرنے اور ان کے حیات میں بہتری لانے کیلئے کام کیا ۔ آج جموں کے بلاک صدور اور بلاک سیکریٹریوں کے دو روزہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت خاص طور سے تعلیم کے معیار کو بہتر بنانے کی طرف توجہ دے رہی ہے ۔

اس موقعے پر نائب وزیر اعلیٰ ، کابینی وزراءاور پارٹی سے تعلق رکھنے والے ممبران پارلیمنٹ بھی موجود تھے۔

پرائمری ہیلتھ سینٹر Upper دریں اثنا نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج نشاط میں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے علاقے کے پرائمری ہیلتھ مراکز کی اپ میں سے 30لاکھ روپے جاری کئے -CDF گریڈیشن کیلئے اپنے

پردیسی

ادھرنیشنل کانفرنس کے نائب صدر صوبہ کشمیر احسان پردیسی نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کیا ۔

انہوننے کہاکہ موجودہ حکومت لوگوں کی خدمت کو یقینی بنانے میں کوئی بھی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرے گی۔

PDP
اننت ناگ میں آج پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی کے پارٹی لیڈروں اور کارکنوں کا ایک کنونشن منعقد ہوا پارٹی کے ترجمان اعلیٰ ڈاکٹر محبوب بیگ کی صدارت میں منعقد ہ اس کنونشن میں مقامی اور عالمی نوعیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیاگیا۔
ڈاکٹر بیگ نے لوگوں کومذہبی خطوط پر سیاست کرنے والے عناصر سے خبر دار کیا۔انہوننے موجودہ ریزرویشن پالیسی کی بھی نکتہ چینی کی ۔

BJP
جموں کشمیر کے نیشنل کونسل ممبروں اور سٹیٹ کونسل ممبروں نے پارٹی کے قومی صدر BJP کے چناؤ کیلئے جمہوری عمل میں بڑھ چڑھ کرحصہ لیا۔
جموں کشمیر کے قومی جنرل سیکریٹری تُرن چُگ ، پارٹی کے صدر اور BJP اس سلسلے میں ممبر پارلیمنٹ ست شرما ، مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ ، ممبر پارلیمنٹ جگل کشور اور قومی سیکریٹری ڈاکٹر نریندر سنگھ کے علاوہ کئی دیگر لیڈروں نے بھی کاغذات نامزدگی کے عمل میں شرکت کی ۔
نہ صرف حکمرانی کے عمل میں بلکہ تنظیم میں بھی BJP اس موقعے پر ست شرما نے کہا کہ جمہوری اقدار کو بروئے کار لاتی ہے۔

ست شرما
جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے کہا ہے کہ جنوری مہینہ کشمیری پنڈت برادری کے BJP مسائل اور اُن کی وادی سے ہجرت کی یاد دلاتاہے ۔
ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ تین دہائی سے زیادہ کا عرصہ گذرنے کے بعد بھی پنڈت برادری گونا گوں مشکلات سے دوچارہے۔
پنڈت برادری کی بحفاظت وادی واپسی اور اُن کی باز آباد کاری کیلئے وعدہ بند BJP انہوننے کہاکہ ہے ۔
شمولیتBJP
بٹھنڈیجموں سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر صادیہ تبسم، وسیم آفتاب ، مجیب اور کئی دیگر
جموں کشمیر BJP میں شمولیت اختیار کی ۔اس موقعے پرBJP شخصیات نے آج پارٹی ہیڈ کواٹرپر کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہو ترا نے BJP کے جنرل سیکریٹری بلدیو سنگھ بلاواریہ اور ارکان کا خیر مقدم کیا۔
پارٹی کے ایک اور لیڈر گرداری لال رینہ نے نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹرفاروق عبداللہ کی طرف سے کشمیری پنڈتوں کی وادی واپسی سے متعلق بقول ان کے شبہات ظاہر کرنے پر تشویش کااظہا رکیاہے۔

رئیحانہ
ملک کو 2047تک وکست بنانے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے مینزراعت سمیت تمام شعبے کلیدی اہمیت کے حامل ہیں۔اس ضمن میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر ایک نمایاں رول ادا کر رہی ہے۔
زرعی یونیورسٹی میں معیاری اور اعلیٰ پید ا وار دینے والے بیج تیار کرنے کے حوالے سے سکاسٹ کشمیرمیں ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ڈاکٹر رئیحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

کشمیر پولیس

پولیس نے شوپیان اور پلوامہ میں تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

دریں اثناپولیس نے حفاظتی عملے کی دیگر ایجنسیوں کے اشتراک سے آج ریلوے اسٹیشن قاضی گنڈ پر ایک ماک ڈرل کا انعقاد کیا ۔

ادھر پولیس کی طرف سے سپورٹس اسٹیڈیم نیوہ پلوامہ میں لڑکیوں کیلئے والی بال ٹورنا منٹ کا انعقاد کیا گیا۔ SSP پلوامہ تنو شری نے آج اس کی اختتامی تقریب میں شرکت کی۔

جموں پولیس

ڈوڈہ پولیس نے گنپت پُل ڈوڈہ کے نزدیک چلی بھلیسہ کے شراوٗن کمار نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

سانبہ پولیس نے رام گڑھ اور گھگوال میں غیر قانونی کان کنی کی سرگرمیوں میں ملوث چھ ڈمپروں کو ضبط کیا ہے ۔

پونچھ پولیس نے ڈگری کالج گراوٗنڈ پونچھ میں پولیس ماٹیرس والی بال ٹورنا منٹ کے پہلے شمارے کا افتتاح کیا ۔اس میں ضلع کی 12ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔

اکھنور کے اجے سنگھ نامی ڈرگ سمگلر کو Ambarain پولیس نے اولڈ برج اکھنور کے نزدیک گرفتار کرکے اس کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

SP ساوتھ جموں نے ٹرانسپورٹ نگر نر وال میں ٹرانسپورٹروں کے ساتھ میٹنگ کی اور سلامتی سے جڑے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔

سیاحت

محکمہ سیاحت زیادہ سے زیادہ سیاحوں کوجموں کشمیرکی طرف راغب کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات کر رہا ہے اوران کاوشوں کی بدولت یہاں آنے والے سیاحوں کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے اور وہ یہاں کے سرد موسمی صورتحال نیز یہانکی مہمان نوازی اور خوبصورتی سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

کئی سیاحوں نے اپنے تجربات کا یوں اظہا رکیا۔

........Tourists........

ذمہ داری

سماج میں خوشحالی اور لوگوں کے درمیان یکسانیت کو یقینی بنانے کےلئے ضرورت مند افراد کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

....(PM)....Byte........

کسی بھی سماج کا آسودہ حال طبقہ اس ضمن میں ایک مثبت اور ٹھوس رول ادا کر سکتا ہے۔اس بارے میں ایک سرکاری اہلکار شوکت حسین نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Opening Music

........Byte........

Closing Music

Winter

وادی میںموسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت  اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

ڈاکٹر مختار

کشمیر وادی میں رواں موسم سرما کے دوران بارش اور برفباری میں خاصی کمی دیکھی جا رہی ہے۔ ماہرین کے مطابق برفباری میں اس کمی کے منفی اثرات زرعی شعبے کے ساتھ ساتھ دیگر شعبوں پر بھی ظاہر ہو سکتے ہیں۔

گذشتہ چند برس سے دیکھے جا رہے اس رجحان کے بارے میں جب ہم نے سرینگرمیں محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر ڈاکٹر مختار احمد سے بات کی توانہوننے کہا۔

...........Dr.Mukhtar...........

دریں اثنا محکمہ موسمیات نے 22جنوری اور پھر26جنوری سے وادی کے پہاڑی اور میدانی علاقوں میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش اور برفباری ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران چند ایک مقامات پر ہلکی بارش یا برفباری کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت13اعشاریہ7 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت22اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر35منٹ اور غروب آفتاب شام5 بجکر49منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ